www.KitaboSunnat.com

فرمان رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم

صلوا کما رأیتمونی اصلی (بخاری)

"تم ایسے نماز ادا کرو جیسے تم مجھے نماز ادا کرتے دیکھتے ہو"

## حضرت بابا فرید الدین مسعود المعروف گنج شکر کی ۷۷۵ سالہ

قبل دورِ جہانگیر میں لکھی گئی سوانح حیات "جواہرِ فریدی" (فارسی)

کا ایک باب :-

دربیانِ

# عبادتِ آنسرور صلی اللہ علیہ وسلم

مؤلفہ

حضرت مخدوم علی اصغر مرحوم چشتی نبیرہ زادہ حضرت فرید الدین مسعود پاکپتن

مترجم

عبد الجبار سلفی فاضل وفاق المدارس السلفیہ پاکستان

ناشر سبحانی اکیڈمی اردو بازار لاہور

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قُلْ أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ

مجلس التحقیق الاسلامی زیر اہتمام

# محدث لائبریری

کتاب وسنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

## معزز قارئین توجہ فرمائیں

- کتاب وسنت ڈاٹ کام پر دستیاب تمام الیکٹرانک کتب... عام قاری کے مطالعے کیلئے ہیں۔
- مجلس التحقیق الاسلامی کے علمائے کرام کی باقاعدہ تصدیق واجازت کے بعد (Upload) کی جاتی ہیں۔
- دعوتی مقاصد کیلئے ان کتب کو ڈاؤن لوڈ (Download) کرنے کی اجازت ہے۔

## تنبیہ

ان کتب کو تجارتی یا دیگر مادی مقاصد کیلئے استعمال کرنے کی ممانعت ہے کیونکہ یہ شرعی، اخلاقی اور قانونی جرم ہے۔

اسلامی تعلیمات پر مشتمل کتب متعلقہ ناشرین سے خرید کر تبلیغ دین کی کاوشوں میں بھرپور شرکت اختیار کریں

PDF کتب کی ڈاؤن لوڈنگ، آن لائن مطالعہ اور دیگر شکایات کے لیے درج ذیل ای میل ایڈریس پر رابطہ فرمائیں۔

KitaboSunnat@gmail.com

www.KitaboSunnat.com

www.KitaboSunnat.com

فرمانِ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم
صَلُّوا كَمَا رَأَيْتُمُونِي أُصَلِّي (بخاری)
تم ایسے نماز ادا کرو جیسے تم مجھے نماز ادا کرتے دیکھتے ہو۔

حضرت بابا فریدالدین مسعودؒ المعروف گنج شکر کی ۷۷۵ سالہ
قبل دورِ جہانگیر میں لکھی گئی سوانح حیات "جواہرِ فریدی" (فارسی)
کا ایک باب :-
دربیانِ

# عبادتِ سرور صلی اللہ علیہ وسلم

بخشش

www.KitaboSunnat.com

مؤلفہ
حضرت مخدوم علی اصغر مرحوم چشتی نبیرہ حضرت فریدالدین مسعودؒ پاکپتن

مترجم
عبدالجبار سلفی فاضل وفاق المدارس السلفیہ پاکستان

ناشر سبحانی اکیڈمی اردو بازار لاہور

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

جملہ حقوق محفوظ بحق مترجم

نام مصنف ——— مخدوم علی اصغر چشتی مرحوم

نام مترجم ——— عبدالجبار سلفی

طابع ——— حکیم عبید اللہ انور، سرپرست عوامی دواخانہ منڈی ہیرا سنگھ ضلع اوکاڑہ

تزئین کتابت ——— بشیر احمد قمر، قمر دار الکتابت حویلی لکھا فون نمبر ۳۴ پی پی

تعداد اشاعت ——— دو ہزار

سن اشاعت ——— سنہ ۱۹۸۸ء

قیمت ——— ۸ روپے صرف

سائز ——— ۲۳ × ۳۶ / ۱۶

09006
09006

## ملنے کے پتے

- مکتبہ الجامعۃ الکمالیہ دار الحدیث راجووال ضلع اوکاڑہ
- عوامی دواخانہ منڈی ہیرا سنگھ ضلع اوکاڑہ
- سبحانی اکیڈمی اردو بازار لاہور
- جامع مسجد رحمانیہ ریلوے روڈ حویلی لکھا

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

بعون صانع مکین و مکان و فضل خلاق زمین و زمان

دفتر تذکار احوال کرامات اولیائے پاک سرشت سلسلۂ حضرات خواجگان چشت رحمہم اللہ مسمّٰی

# جواہر فریدی

۱۳۰۱ھ

حسب الفرمائش خاکپائے چشتیان عقیدت منش خدا بخش تاجر کتب لاہور

در مطبع کوہ نور پریس لاہور بہ طبع مزین و مقبول جہاں لباس پوشید

قیمت فی جلد

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



که در شان ایشان آیت کریمه لیذهب عنکم الرجس اهل البیت ویطهرکم تطهیراً دلالتی وارد بر صفای
طینت و خلوص نیت ایشان رضوان الله تعالی علیهم اجمعین الی الابد میگوید فقیر حقیر خاکپای درویشان بنده
علی اصغر ابن مخدوم شیخ مودود ابن مخدوم شیخ محمد قریشی چشتی بهدالوی ثم فتحپوری از اولاد بندگی حضرت
مولانا قدوة المحققین سید العارفین برهان الزاهدین شاه فرید الدین مسعود گنجشکر اجودهنی رضی الله تعالی عنه چون
درین زمان اکثر مردمان در باب نسبت عدم مبالات بسیار بود که بحکم خیر النبوی النعم خیر نبوی النعم صیفوان
...تلاط میسازند خصوصاً در فرزندان قطب العالم حضرت خواجه گنجشکر قدس الله سره که در کثرت اولاد
...ضرت مهتر آدم صلوات الله علیه السلام ثانی میتوان گفت مداخلت بعضی که به تکلیف خود را در سلک
...لاد آن حضرت منسلک ساخته اند و مخل انتظام درین سلسله عالیه گشته اند مناسب چنان دید که بطبق
...ن قص قال الله تعالی انا خلقنکم من نفس واحدة وجعلناکم شعوباً وقبائل لتعارفوا ...به حفظ
...تب جنس از ناجنس طبقات اصول و فروع از ابتدای آنحضرت الی یومنا هذا حسب طاقت بشریت
...د مطابق آنچه از کتب ملفوظ و غیره و از لفظ مبارک حضرت نتیجة المشائخ والاولیاء حضرت مولانا
محمد فضل دیوان پیر شیخ محمد ولد دیوان شیخ ابراهیم بن دیوان فیض الله ابن حاجی الحرمین حضرت
...یوان تاج الدین محمود صاحب سجاده حضرت بابا فرید شکر گنج رحمة الله علیه شنیده و تحقیق نموده و از
...تب خانه درگاه شریف روایات و نقلهای یافته جمع نموده و ذکر خلفای عظام آن حضرت و بیان بعضی
...ز احوال و ذکر اولاد بندگی حضرت مخدوم زین العابدین چشتی البدالوی از اولاد حضرت خواجه فرید الدین رح
قدس سره و بیان سهای عالیه و بیان انتساب لاکاتب الحروف بسلسله های بزرگواران و بیان
اولاد بندگی حضرت مخدوم شیخ محمد سعد حاجی که پسر عم بندگی حضرت بابا فرید الدین گنجشکر قدس سره بودند
و بیان بعضے از اولاد حضرت خواجه عبد الله انصاری المعروف بشیخ الاسلام قدس الله سره
العزیز و بیان بعضے قوم که درویش از حضرت بابا صاحب در پاک پتن و گرد نواح متوطن بودند
و همه های از دست ایشان فیض اسلام یافتند و مرید گشتند در تحریر آورده جمع نمودم تا هر کس بر هند
از احوال ایشان گردد و از اولاد آن حضرت در میوند انتساب باکفو خود در علم نیفتند و بیگانه

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



و خویش ماند با یکدیگر ممتاز داند چون این سلسلهٔ کبری در معنی فرع و منشعب از اصل شجرهٔ طیبهٔ حضرت
ابراہیم خلیل اللہ و اسماعیل ذبیح اللہ و خلیفہ دوم حضرت عمر فاروق قریشی مکی رضی اللہ عنہ بود و چون
حضرت رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وسلم ایمائی کردہ لازم نمود کہ جہت تبرک و استنزال رحمت کہ عند ذکر الصالحین
تنزل الرحمۃ ہشت پارہ ابتدائی از ذکر نسب و حسب و حلیہ و ازواج مطہرات و اولاد و ولادت و وفات حضرت
رسالت پناہ محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم و ذکر خلفاء الراشدین رضی اللہ عنہم اجمعین و ذکر بعضی از تابعین
آن حضرت آمدہ اند کہ تقریب گنجایش مقام اقتضای آن کند نقل و روایات صحیح از کتب معتبر و سیر ملفوظ
و غیرہ مثل روضۃ الاحباب و روضۃ الشہداء و تذکرۃ الاولیا و نفحات و راحت القلوب و خیر المجالس و سراج
الہدایت و اسرار الاولیاء و سیر الاولیاء و سیر العارفین و اسرار السالکین و جواہر السالکین و جامع العلوم
و جواہر گنج و فوائد السالکین و گلشن اولیاء و غیرہ در صدر این کتاب آوردہ باعانت اللہ تعالی و حسن توفیقہ
امید از خوانندہ و بینندہ التماس آنست کہ بر خطای این قلیل البضاعت ذیل صفح عفو اندازند و بدعای
خیر یاد فرمایند الانسان مرکب من الخطا و النسیان بدانکہ این کتاب را بنام **جواہر فریدی** مسمی ساختہ
بتاریخ سیوم ماہ ربیع الاول در سنہ ۱۰۳۳ یکہزار سی و سہ در عہد خلافت حضرت سلطان نور الدین محمد
جہانگیر بادشاہ غازی خلد اللہ ملکہ ابدا باہتمام رسید مشتمل گشت بر پنج باب **باب اول** در نسب و
حسب و حلیہ و ازواج مطہرات و اولاد و ولادت و وفات حضرت رسالت پناہ محمد مصطفی صلی اللہ
علیہ وسلم و ذکر خلفاء الراشدین رضی اللہ تعالی علیہم اجمعین در پنج باب شش فصلست۔

**فصل اول** در بیان نسب و حسب و حلیہ و ازواج مطہرات و اولاد و ولادت حضرت
رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وسلم **فصل دوم** در بیان نسب و حسب و حلیہ و ازواج و
اولاد و ولادت و وفات و مدت خلافت امیر المومنین و امام المسلمین حضرت ابوبکر صدیق قریشی مکی
رضی اللہ تعالی عنہ **فصل سوم** در بیان نسب و حسب و حلیہ و ازواج و اولاد و ولادت و وفات و مدت خلافت
امیر المومنین و امام المسلمین حضرت عمر ابن خطاب قریشی مکی رضی اللہ تعالی عنہ **فصل چہارم** در بیان نسب و حسب
و حلیہ و ازواج و اولاد و ولادت و وفات و مدت خلافت حضرت عثمان ابن عفان قریشی مکی

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

## محترم قارئین!

امت محمدیہ میں سے اللہ رب العزت کے ہاں کسی بھی انسان کا عمل دو شرطوں کے بغیر قبول نہیں ہو سکتا وہ دو شرطیں یہ ہیں۔

اوّل! اخلاص:۔ یعنی وہ عمل صالح صرف اور صرف اللہ کی رضامندی کیلئے ہو۔

دوم! سنت رسول:۔ یعنی وہ نیک عمل حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے طریقہ پر ہو۔

اخلاص کے متعلق اللہ تعالیٰ نے قرآن پاک میں ارشاد فرمایا فَادْعُوا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ وَلَوْ كَرِهَ الْكٰفِرُوْنَ (مومن ۱۴)

کہ عبادت و بندگی کو (شرک اور ریاء سے) خالص کر کے اللہ کو پکارو، دوسری جگہ تمام کائنات کی پیدائش بیان کر کے فرمایا هُوَ الْحَيُّ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَادْعُوْهُ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ (مومن ۶۵)

کہ اللہ زندہ (و قائم) ہے۔ اس کے علاوہ کوئی بھی معبود نہیں تم بندگی کو خالص کر کے اسے پکارو۔

پہلی امتوں کو بھی خالص اللہ کی بندگی کی تلقین کی گئی تھی۔ چنانچہ قرآن میں ہے وَمَآ اُمِرُوْٓا اِلَّا لِيَعْبُدُوا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ (البینۃ ۵)

کہ انہیں صرف اسی بات کا حکم دیا گیا کہ وہ صرف اللہ کی بندگی و اطاعت کریں لیکن انہوں نے شیطانی دھوکے میں آکر فوت شدہ بزرگوں کے مجسموں اور بتوں کو سامنے رکھ کر ان کی روحوں کو وسیلہ اور سفارشی سمجھ کر ان کے نام کی نذر و نیاز دینی شروع کر دی۔ اور ان کی قبروں پر اعتکاف اور طواف شروع کر دیئے۔ جب رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو توحید کا وعظ کیا۔ اور ان کی پرستش سے روکا تو

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



انہوں نے یہ جواب دیا هٰٓؤُلَآءِ شُفَعَآؤُنَا عِنْدَ اللّٰهِ (یونس ۱۸)
کہ یہ اللہ کے ہاں ہمارے سفارشی ہیں۔ اور یہ بھی کہتے تھے۔ مَا نَعْبُدُهُمْ
اِلَّا لِيُقَرِّبُوْنَآ اِلَى اللّٰهِ زُلْفٰى (زمر ۳)
کہ ہم انہیں صرف اسی لیئے پوجتے ہیں۔ کہ یہ ہمیں اللہ کے قریب کردیں۔ دین جس کا تذکرہ مذکورہ بالا آیات میں آیا ہے۔ اس کا معنٰی بندگی و اطاعت ہے۔ اور یہ تمام طرح کی مالی، بدنی، قلبی عبادات پر حاوی ہے۔ جن میں دُعا۔ (پکارنا) قلبی عبادت ہے۔ اور ترمذی شریف میں ہے۔ اَلدُّعَاءُ هُوَ الْعِبَادَةُ کہ پکارنا، طلب کرنا عبادت ہے۔

تو جسطرح غیر اللہ کے لیئے نماز، روزہ، حج، زکوٰۃ ادا کرنا جائز نہیں۔ اس طرح اللہ تعالیٰ کے علاوہ کسی شخصیت یا ہستی کو ماورا الاسباب اور معنوی طریقہ سے پکارنا بھی جائز نہیں۔ مثلاً یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَغِثْنِیْ کہ اے رسول اللہ میری دستگیری کر، یا اے بزرگ مجھے اولاد دے یا مجھے بیماری سے شفاء دے، یا اے داتا میری مشکل حل کردے۔ یا اے فلاں سرکار مجھے رزق دے۔ گو پکارنے والے کا عقیدہ بھی ہو کہ یہ مجھے اللہ سے لے کر دیں گے۔ یا مشکل کشائی کرا دیں گے۔ ایسا کرنا شرک ہے۔ اور اخلاص کے منافی ہے۔ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ. (اے اللہ ہم خالص تیری ہی بندگی کرتے اور خاص تجھ ہی سے مدد مانگتے ہیں) کے متضاد ہے۔

اور اللہ تعالیٰ نے بزرگوں اور ولیوں کیساتھ بھی ایسا کرنیوالوں کا رد کیا ہے۔
قُلِ ادْعُوا الَّذِيْنَ زَعَمْتُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ فَلَا يَمْلِكُوْنَ كَشْفَ الضُّرِّ عَنْكُمْ وَلَا تَحْوِيْلًا ۝ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ يَبْتَغُوْنَ اِلٰى رَبِّهِمُ الْوَسِيْلَةَ اَيُّهُمْ اَقْرَبُ وَيَرْجُوْنَ رَحْمَتَهٗ وَيَخَافُوْنَ

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



عَذَابَہٗ (بنی اسرائیل ۵۷)

اے پیغمبر ان لوگوں سے کہئے کہ پکارو ان کو جنہیں تم اللہ کے علاوہ بھی بگڑی بنانے والا سمجھتے ہو وہ نہ تو، تم سے تکلیف دور کرسکتے ہیں نہ بدل سکتے ہیں. وہ (بندگ) جنہیں یہ لوگ پکارتے ہیں. وہ تو خود (اعمال و بندگی کرکے) اللہ کا قرب چاہتے ہیں. کہ کون زیادہ اس کے قریب ہے. اور اس کی رحمت کے امیدوار ہیں. اور اس کے عذاب سے ڈرتے ہیں۔

سورہ فاطر میں اللہ تعالیٰ نے آسمان و زمیں سورج و چاند، سمندر و پہاڑ، انسان کی پیدائش اور اس کا ارتقاء اور دیگر اشیاء۔ اور نعمتوں کے تذکرے کے بعد فرمایا۔ ذَالِکُمُ اللّٰہُ رَبُّکُمْ لَہُ الْمُلْکُ وَالَّذِیْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِہٖ مَا یَمْلِکُوْنَ مِنْ قِطْمِیْرٍ ۝ اِنْ تَدْعُوْھُمْ لَا یَسْمَعُوْا دُعَآءَکُمْ وَلَوْ سَمِعُوْا مَا اسْتَجَابُوْا لَکُمْ وَیَوْمَ الْقِیَامَۃِ یَکْفُرُوْنَ بِشِرْکِکُمْ (فاطر ۱۴)

یہ اللہ تمہارا پروردگار ہے. بادشاہی اس کی ہے. اور جن کو تم اللہ کے علاوہ پکار رہے ہو وہ تو کھجور کی گٹھلی کے دھاگے کے بھی مالک نہیں. اگر تم انہیں پکارو تو وہ تمہاری سنیں گے نہیں. اگر سن لیں تو جواب نہیں دیں گے. اور روز آخر کو تمہارے شرک کا انکار کریں گے۔ تو ماسوا اللہ کسی بزرگ، ولی، نبی، شہید کو معنوی امور مثلاً طلب اولاد یا طلب رزق یا شفاء مریض یا مصیبت ٹلنے کے لیے پکارنا شرک ہے. اور شرک قتل و زنا کاری سے بڑا جرم ہے۔

البتہ امور حسیہ میں عام ظاہری اسباب سے زندہ اور سامنے موجود لوگوں سے تعاون حاصل کرنا جائز ہے. قرآن میں ہے وَتَعَاوَنُوْا عَلَی الْبِرِّ وَالتَّقْوٰی کہ نیکی اور تقویٰ کے کاموں میں ایک دوسرے کے ساتھ تعاون کرو۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



اور سورہ قصص ۱۵ میں ہے۔ فَاسْتَغَاثَهُ الَّذِي مِنْ شِيعَتِهِ عَلَى الَّذِي مِنْ عَدُوِّهِ فَوَكَزَهُ مُوسَىٰ۔ کہ قوم موسیٰ کے آدمی نے اپنے دشمن پر موسیٰ علیہ السلام سے مدد مانگی تو موسیٰ نے دشمن کو مکا مارا۔ اور اس جیسی دیگر آیات واحادیث کی بنا پر اللہ تعالیٰ کے پیدا کیے ہوئے اسباب کو اللہ کے حکم کیمطابق کام میں لانا عین فطرت انسانی ہے۔ جس کا کوئی بھی انکار نہیں کرتا۔ جیسا کہ علاج کرانا اور شفا اللہ تعالیٰ سے مانگنا، علم سیکھنا اور توفیق اللہ تعالیٰ سے طلب کرنا۔ اور حکم الٰہی سمجھ کر جہاد کرنا اور فتح اللہ سے مانگنا، کاشت کرنا اور روزی اللہ سے مانگنا۔ کسی زندہ اور موجود انسان سے مطلب لینا۔ اور توکل اللہ پر رکھنا یہ سب کچھ جائز ہی نہیں۔ بلکہ عین توحید ہے۔ اور اسی نظریہ کی تشریح بابا فریدالدین مسعود پاکپتن والے کی تحریر سے پڑھیے۔

## بابا فریدالدین مسعود اور توحید

**ایک** آدمی ان کی خدمت میں سلطان غیاث الدین بلبن کے نام سفارش لکھوانے کے لیے آیا تو انہوں نے درج ذیل الفاظ میں سفارش لکھی۔

رَفعت قَضِيَّةُ إِلَى اللهِ ثُمَّ إِلَيْكَ فَإِنْ أَعْطَيْتَهُ شَيْئًا فَالْمُعْطِي هُوَ اللهُ وَأَنْتَ الْمَشْكُورُ وَإِنْ لَمْ تُعْطِ شَيْئًا فَالْمَانِعُ هُوَ اللهُ وَأَنْتَ الْمَعْذُورُ (جواہر فریدی ص ۲۴۸)

میں اس کا کام اللہ کیطرف اٹھانے کیبعد پھر اسے تیری طرف بھیج رہا ہوں۔ اگر تو نے اسے کچھ دے دیا تو درحقیقت عطا کرنیوالی ذات اللہ تعالیٰ ہے تو، تو صرف مشکور ہوگا۔ یعنی صرف نیکی ہی تیرے نامہ میں لکھی جائے گی اگر کچھ نہ ملا تو نامنظور کرنیوالی ذات اللہ تعالیٰ ہے۔ اور تو فقط معذور ہے (یعنی بے بس ہے)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



## اہلِ علم کے لیے ایک لطیف نکتہ

لیکن ماوراء الاسباب کسی کو پکارنا شرک اور گمراہی ہے۔ کیونکہ قرآن میں ہے۔

وَمَنْ اَضَلُّ مِمَّنْ يَّدْعُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَنْ لَّا يَسْتَجِيْبُ لَهٗۤ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ وَهُمْ عَنْ دُعَآئِهِمْ غٰفِلُوْنَ ۝
(احقاف ۵)

اور اس سے بڑھ کر اور کون گمراہ ہو سکتا ہے۔ جو اللہ کے علاوہ ان کو پکارتا ہے۔ جو قیامت تک ان کی بات کا جواب نہیں دے سکتے۔ اور ان (پکارنے والوں) کی دعا سے غافل ہیں۔

اس آیت میں قابلِ غور نکتہ یہ ہے۔ کہ خط کشیدہ لفظ مَنْ اور ھُمْ اور غَافِلُوْنَ تینوں ہی کے متعلق لغت عرب اور صرف و نحو کی کتب دیکھو یہ تینوں الفاظ ذوی العقول (جنوں، انسانوں، فرشتوں) کے لیے آتے ہیں۔ اس نکتہ سے ان لوگوں کا مغالطہ رفع ہو گیا جو کہتے ہیں۔ کہ یہ آیت بزرگوں سے متعلق نہیں۔ بلکہ محض لکڑی اور پتھر کے بتوں کے متعلق ہے۔

سو اس آیت مبارکہ میں ان لوگوں کو بڑا گمراہ بتلایا جا رہا ہے۔ جو غیر اللہ یعنی اللہ کی مخلوق نبیوں، ولیوں، شہیدوں کو ماوراء الاسباب طریقے سے پکارتے ہیں۔ اگر کوئی مغالطہ دے کہ اس سے تو یہ معلوم ہوتا ہے۔ کہ کسی انسان کو کسی بھی طریقہ سے بلانا منع ہے۔ تو یہی آیت اس کا جواب ہے۔ کہ جو جواب نہیں دے سکتے۔ ان کو بلانا ناجائز ہے۔ لیکن جو آپ کے سامنے زندہ موجود ہے

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com


وہ آپ کی سنتا ہے۔ اور آپ کو جواب دیتا ہے۔ وہ اس میں داخل نہیں ہے نیز قرآن میں ہے وَاَنَّ الْمَسَاجِدَ لِلّٰهِ فَلَا تَدْعُوْا مَعَ اللّٰهِ اَحَدًا۔ (جن ۱۸)

مسجدیں صرف اللہ کیلئے ہیں۔ تم ان میں اللہ کے ساتھ کسی (بھی نبی، ولی، بزرگ) کو مت پکارو۔

حضرت قتادہؒ فرماتے ہیں۔ کہ یہود و نصاریٰ جب گرجوں میں جاتے۔ تو اللہ کیساتھ اوروں کو بھی پکارتے۔ (جیساکہ آج کل اکثر مساجد میں اللہ کے ساتھ استمداد کے لیے رسول، اور بزرگوں کو پکارا جاتا ہے۔) تو اللہ نے مسلمانوں کو حکم دیا کہ تم صرف اللہ کو پکارو۔

ویسے تو ہر جگہ خالصًا اللہ ہی کو پکارنا چاہیئے۔ لیکن مساجد میں جو خاص اللہ کی عبادت کے لیے بنائی گئی ہیں ان دوسروں کو پکارنا مثلاً یا معین الدین، یا شیخ عبدالقادر جیلانی، یا علی، یا رسول اللہ، یا رفاعی، یا گنج بخش کہہ کر ان سے مدد مانگنا یا ان کے وسیلہ سے مانگنا فَادْعُوا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ کے منافی ہے۔ اور اُدْعُوْنِيْ اَسْتَجِبْ لَكُمْ (کہ تم مجھ (اللہ) کو پکارو میں تمہاری دعا قبول کروں گا) کا عملاً انکار ہے۔ اور عبادت غیر اللہ کی مکروہ ترین شکل ہے۔ الغرض نیک عمل میں اخلاص کا ہونا نہایت ضروری ہے۔

www.KitaboSunnat.com

## دوم:- طریقۂ مصطفٰی صلی اللہ علیہ وسلم

اللہ رب العزت نے ہماری ہدایت و راہنمائی کے لیے سید المرسلین، سرور عالم، حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو منتخب فرمایا اور ان کی شخصیت کو ہمارے لیے

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



اسوۂ حسنہ یعنی بہترین اور کامل نمونہ بنایا اور فرمایا لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِي رَسُولِ اللّٰهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ (احزاب ۲۱)

کہ لوگو رسول اللہ کی ذات تمہارے لیئے بہترین نمونہ ہے۔ اور ہمیں ان کی تابعداری کا حکم فرمایا۔ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا أَطِيعُوا اللّٰهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ وَلَا تُبْطِلُوا أَعْمَالَكُمْ (محمد ۳۳)

اے ایمان والو اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرو۔ اور اپنے اعمال باطل نہ کرو۔ نیز اگر ہدایت کے طالب ہو تو ہندو، جوگیوں، اور عیسائی راہبوں کیطرح چلہ کشیوں اور غیر شرعی ریاضتوں سے نہیں بلکہ صرف اور صرف رسول اللہ کی اطاعت اور فرمانداری سے ہی ہدایت پا سکو گے۔ إِنْ تُطِيعُوهُ تَهْتَدُوا (نور ۵۴)

سورۃ حجرات میں يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تُقَدِّمُوا بَيْنَ يَدَيِ اللّٰهِ وَرَسُولِهِ وَاتَّقُوا اللّٰهَ (۱)

اے ایمان والو اللہ اور اس کے رسول سے آگے مت بڑھو اور اللہ سے ڈرو۔ ان آیات سے معلوم ہوا کہ نیکی وہی ہے جس پر اللہ اور اس کے رسول کی مہر ثبت ہوگی۔ اور جس کا اللہ و رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا ہوگا

چنانچہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مَا تَرَكْتُ شَيْئًا يُقَرِّبُكُمْ إِلَى اللّٰهِ إِلَّا وَقَدْ أَمَرْتُكُمْ بِهِ وَمَا تَرَكْتُ شَيْئًا يُبْعِدُكُمْ عَنِ اللّٰهِ وَيُقَرِّبُكُمْ إِلَى النَّارِ إِلَّا وَقَدْ نَهَيْتُكُمْ عَنْهُ کہ میں نے ایسی کوئی چیز نہیں چھوڑی جو تمہیں اللہ کے قریب کرتی ہو۔ مگر اس کا تمہیں حکم دے چکا ہوں۔ اور میں نے ایسی کوئی چیز نہیں چھوڑی جو تمہیں آگ کے قریب اور اللہ سے دور کرتی ہو مگر میں تمہیں اس سے روک چکا ہوں

(بحوالہ شرح السنۃ / الاعتصام (مشکوٰۃ البیان))

سو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے من وعن بغیر کسی بھول کے سب نیکیاں

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



بنا دی ہیں۔ اور جو نیکیاں چودھویں صدی کے پیٹ پرست مُلّاؤں کی ایجاد کردہ ہیں۔ ان کا اصلاً رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہؓ و تابعینؒ کے دین سے کوئی تعلق نہیں۔

اس گذارش کے بعد غور فرمائیں کہ اللہ نے ہم پر روزمرّہ پانچ وقت کی نماز فرض کی لیکن ہمیں اس عبادت کی ادائیگی کے لیے شُتر بے مہار نہیں چھوڑا بلکہ حکم فرمایا۔ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَمَا عَلَّمَكُمْ مَّا لَمْ تَكُونُوا تَعْلَمُونَ۔ (البقرۃ ۲۳۹)

کہ (امن کی حالت میں) اللہ کو ایسے یاد کرو جیسے اس نے تمہیں سکھایا۔ جو تم نہیں جانتے تھے، تو اللہ رب العزت نے جبرائیل علیہ السلام کے ذریعے پیارے پیغمبر علیہ السلام کو اور پیغمبر کے ذریعے ہمیں نماز کا وہ طریقہ سکھایا جو ہم نہیں جانتے تھے۔ چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے امت کو نماز ادا کر کے دکھلانے کے بعد فرمایا صَلُّوا كَمَا رَأَيْتُمُونِي أُصَلِّي (بخاری)

کہ ایسے نماز پڑھا کرو جیسے تم مجھے نماز پڑھتے دیکھتے ہو، تو نیک عمل کی قبولیت کے لیئے ضروری ہے کہ وہ سُنّت رسول اللہ کے مطابق ہو۔

## بزرگانِ دین کا ذکرِ خیر

اللہ رب العزت محدّثینِ کرام، آئمہ عظام، اور بزرگانِ دین پر کروڑوں رحمتیں برسائے کہ انہوں نے اپنی کوشش سے مطابق صحیح احادیث سے رسولِ مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کے شمائل، اعمال، معاملات، معمولات کو امت کے سامنے پیش کیا۔ جَزَاهُمُ اللّٰهُ عَنَّا جَزَاءَ الْخَيْرِ۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



شکر اللہ سعیہم ،

خوش قسمتی سے برصغیر میں جب صحیح احادیث رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا ورود مسعود ہوا ، اور سلیم الفطرت مسلمانوں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے فطرتی محبت کی بنا پر ان پر عمل شروع کیا تو صدیوں کے تقلیدی جمود نے خدمت دین کی آڑ میں احادیث رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا ڈٹ کر مقابلہ کیا۔ اور کمزور سہاروں سے اپنے مذاہب کی وکالت کی۔ اور عاملین بالحدیث کو ہندوستان میں نوزائیدہ قرار دیا۔ لیکن الحمدللہ عاملین بالحدیث نے قرآن وسنت کے دلائل کیساتھ توحید رب العالمین اور سنت سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم کی حقانیت کا لوہا منوایا۔ اور مقلدین کے قدامت کے بت کو پاش پاش کر دیا۔ اور وہ اسطرح کہ جن ہستیوں کو خود ساختہ دین کے ستون کہا جاتا تھا۔ جب ان کی حقیقت کا پتہ چلا تو وہ بھی عاملین بالحدیث نکلے۔

چنانچہ پیر عبدالقادر جیلانی اور حضرت نظام الدین اولیاء ، حضرت مجدد الف ثانی سرہندی اور حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی کے افکار اس پر گواہ ہیں۔

## سید پیر عبدالقادر جیلانی کا تذکرہ

برصغیر پاک وہند میں جن ہستیوں کو ان کی توحید پرستانہ مرضی ومنشاء کے خلاف پوجا جا رہا ہے۔ ان میں سر فہرست محبوب سبحانی سید پیر عبدالقادر جیلانی ہیں۔ پاک وہند میں زیر بحث اختلافی مسائل پر ان کی آراء سنیئے۔ نماز میں سورہ فاتحہ کے متعلق فرماتے ہیں فَاِنَّ قِرَاْتَهَا فَرِيْضَةٌ وَهِيَ رُكْنٌ تَبْطُلُ الصَّلٰوةُ بِتَرْكِهَا (غنیۃ الطالبین مترجم جلد دوم ص ۲۶۳

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



مطبوعہ نفیس اکیڈمی لاہور"

کہ فاتحہ کا پڑھنا فرض ہے۔ اور وہ (رکوع، سجدہ) کیطرح رکن ہے۔ اس کے ترک سے نماز باطل ہو جاتی ہے۔ اور یہی فرمان رسول صلی اللہ علیہ وسلم ہے کہ صبح کی نماز کے بعد آپ نے مقتدیوں سے پوچھا کہ شاید تم امام کے پیچھے کچھ پڑھتے ہو۔ انہوں نے کہا ہاں، تو آپ نے فرمایا لَا تَفْعَلُوا اِلَّا بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ فَاِنَّهٗ لَا صَلٰوةَ لِمَنْ لَّمْ يَقْرَأْ بِهَا (ابوداؤد، ترمذی، نسائی)

کہ فاتحہ کے علاوہ میرے پیچھے کچھ نہ پڑھو۔ کیونکہ جو فاتحہ نہ پڑھے اس کی نماز ہی نہیں ہوتی۔

## رفع الیدین کے متعلق فرماتے ہیں

ثُمَّ يُكَبِّرُ وَيَرْفَعُ يَدَيْهِ اِلٰى فُرُوْعِ اُذُنَيْهِ اَوْ حَذْوَ مَنْكِبَيْهِ عَلٰى مَا بَيَّنَّاهُ فِيْ اَوَّلِ الْكِتَابِ (غنیہ ص۲۲۶)

پھر نمازی (قراۃ سے فارغ ہو کر) تکبیر کہتے۔ اور دونوں ہاتھوں کو کانوں کی لوتک یا کندھوں کے برابر اٹھاتے الغرض پورا بیان قابل دید ہے۔ نمازوں کے اوقات بھی وہی لکھے ہیں۔ جن پر عاملین بالحدیث صحابہ کیوقت سے عمل کرتے چلے آرہے ہیں۔ مزید دلچسپی کے لیئے مترجم کتاب کے صفحات ص۲۳۱ تا ص۲۴۳ کا مطالعہ کیا جائے۔

اور آپ نے عاملین بالحدیث کے ساتھ عناد رکھنے والوں کے متعلق درج ذیل تاثرات دیئے ہیں۔ فرماتے ہیں اِعْلَمْ اَنَّ لِاَهْلِ الْبِدَعِ عَلَامَاتٌ

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

يُعْرَفُوْنَ بِهَا فَعَلَامَةُ اَهْلِ الْبِدْعَةِ الْوَقِيْعَةُ فِيْ اَهْلِ الْاَثَرِ ؕ

کہ بدعتوں کی علامت یہ ہے۔ کہ وہ اہل حدیث کو برا کہتے ہیں اور زندیقوں کی علامت یہ ہے۔ تَسْمِيَتُهُمْ اَهْلَ الْاَثَرِ الْحَشْوِيَّةَ کہ وہ اہل حدیث کو حشوی کہتے ہیں۔

اسی سلسلہ میں بیان فرماتے ہیں وَكُلُّ ذَالِكَ عَصَبِيَّةٌ وَغِيَاظٌ لِاَهْلِ السُّنَّةِ وَلَا اِسْمَ لَهُمْ اِلَّا اِسْمٌ وَاحِدٌ وَهُوَ اَصْحَابُ الْحَدِيْثِ کہ یہ سب کچھ اہل سنت کیساتھ تعصب اور عناد کیوجہ سے ہے۔ ان اہل سنت کا تو صرف ایک ہی نام ہے۔ اور وہ ہے اہل حدیث،

مزید فرماتے ہیں۔ کہ وَلَا يَلْتَصِقُ بِهِمْ مَا لَقَّبَهُمْ اَهْلُ الْبِدَعِ كَمَا لَمْ يَلْتَصِقْ بِالنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَسْمِيَةُ كُفَّارِ مَكَّةَ شَاعِرًا وَمَجْنُوْنًا وَمَفْتُوْنًا (غنیہ ص ۱۹۰ جلد اول)

جیسے نبی علیہ السلام کو کفار کے رکھے ہوتے برے ناموں، شاعر، مجنوں، مفتون سے کوئی نسبت نہیں۔ ایسے ہی اہل بدعت کے رکھے ہوتے برے ناموں سے اہلحدیث کو کوئی نسبت نہیں۔

## خواجہ معین الدین اجمیری کا تذکرہ

تقریباً یہی حال دوسرے بزرگان دین کا ہے۔ کہ وہ خود بھی سنت رسول کے متلاشی تھے۔ اور اس پر عمل کرتے تھے۔ اور عاملین بالحدیث کیساتھ محبت رکھتے تھے۔ چنانچہ حضرت خواجہ معین الدین اجمیری کی تہجد کیوقت یہ دعا ہوا کرتی تھی۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com


اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنِیْ فِیْ زُمْرَۃِ اَھْلِ الْحَدِیْثِ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ۔
تذکرہ الصالحین، مصنفہ مولانا شمس الدین اکبر آبادی جلد سوم ص ۲۴۹۔

اے اللہ مجھے قیامت کو اہلِ حدیث اور ان کے گروہ سے اٹھا، باوجود اس کے کہ بزرگانِ دین کی اصل سیرت پر ان کے غالی معتقدین اور دنیا پرست گدی نشینوں و مجاوروں نے کافی پردہ ڈالا

اور کوٹھیاں بنانے، جائیدادیں خریدنے اور کسب و ہنر سے بچ کر مفت کھانے کی غرض سے ہر سال گلی، کوچوں میں سبز چادریں پھیلاتے ہیں۔ اور موقع کی جگہ پر چندہ کی غرض سے آہنی ڈبے رکھتے ہیں۔ پھر بھی قدیم ترین مؤلفات میں ان کی اصل سیرت کا سہانا دھندلکا مل جاتا ہے۔ اس بنا پر ہم بزرگانِ دین کے متعلق یہ گمان رکھتے ہیں۔ کہ متبع السنّت تھے۔ کیونکہ سنتِ رسول کو چھوڑ کر آدمی بزرگ ہو ہی نہیں سکتا۔ اور آجکل جو کچھ ان کی قبروں پر بن چکا ہے۔ اور جو کچھ ہو رہا ہے۔ اس کا حکم انہوں نے قطعاً نہیں دیا۔

قیامت کیدن انہیں اور ان کی قبروں پر چڑھاوے دینے والوں کو اکٹھا کیا جائیگا۔ قرآن میں ہے یَوْمَ یَحْشُرُھُمْ وَمَا یَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰہِ (الفرقان ص ۱۷)

کہ اللہ تعالیٰ روزِ جزا کو معبودوں اور پجاریوں کو اکٹھا کرے گا۔ فَیَقُوْلُ پھر پوچھے گا! ءَاَنْتُمْ اَضْلَلْتُمْ عِبَادِیْ ھٰٓؤُلَآءِ اَمْ ھُمْ ضَلُّوا السَّبِیْلَ (الفرقان ص ۱۷)

کیا تم نے میرے اِن بندوں کو گمراہ کیا یا وہ خود گمراہ ہوتے، وہ جواب دیں گے قَالُوْا سُبْحٰنَکَ مَا کَانَ یَنْۢبَغِیْ لَنَآ اَنْ نَّتَّخِذَ مِنْ دُوْنِکَ مِنْ اَوْلِیَآءَ وَلٰکِنْ مَّتَّعْتَھُمْ وَاٰبَآءَھُمْ حَتّٰی نَسُوا الذِّکْرَ

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



وَكَانُوا قَوْمًا بُوْرًا (الفرقان ص ۱۸)

کہ سبحان اللہ ہمیں تو خود ہی زیب نہیں دیتا تھا کہ ہم تیرے سوا کسی کو معبود بنائیں ہوا یہ کہ تو نے انہیں اور ان کے اباؤ اجداد کو خوشحال رکھا حتی کہ وہ تیرا فرمان بھول گئے۔ اور ہلاک ہونے والی قوم بن گئے، یہ تو خیر ان کا جواب ہوگا جو نیک ہو ں گے۔ لیکن جن ابلیسوں نے اپنی زندگی میں اپنی پوجا پاٹ اسباب تیار کیے وہ نہ تو خود جہنم سے بچ سکیں گے۔ اور نہ اس کے پجاری قرآن میں ہے۔ اِنَّكُمْ وَمَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ حَصَبُ جَهَنَّمَ

کہ تم اور تمہاری (کسی قسم سے بھی) عبادت کرنیوالے جہنم کا ایندھن ہیں

اَعَاذَنَا اللّٰهُ مِنْهَا آمِيْن ۔

# آمدم بر سرِ مطلب

یہ کتاب جس کا اصل فوٹو اور ترجمہ آپ کے ہاتھوں میں ہے۔ یہ اس بات کا زندہ ثبوت ہے۔ کہ برصغیر کے بزرگانِ دین خصوصاً بزرگانِ چشتیہ اپنے اعمال کو سنت رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے مطابق ادا کرتے تھے۔

یہ نادر کتاب حضرت بابا فرید الدین مسعود گنج شکرؒ کے پڑپوتے جناب مخدوم علی اصغر کی نوشتہ ہے۔ اور آج سے تین صد چہتر ۳۷۴ سال قبل مغلِ اعظم جہانگیر اور حضرت مجدد الف ثانیؒ کے دور کی لکھی ہوئی ہے۔

اِس کتاب میں انہوں نے اپنے پردادا فرید الدین مسعودؒ اور ان کے خاندان کی سیرت لکھنے سے قبل تبرّک کی غرض سے سرورِ عالم سید المرسلین حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے احوال و عادات اور عبادات درج کی ہیں۔ اور حق ادا کر دیا ہے۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com


آدمی کتاب کے اس بیان کو پڑھتا ہوا محسوس کرتا ہے۔ کہ وہ گویا آپ کو نماز پڑھتے ہوئے دیکھ رہا ہے۔ جب آپ اسے پڑھیں گے تو آپ کو اندازہ ہو جائے گا۔ کہ بزرگانِ دین شرعی عبادات میں اِن ہی چیزوں پر عمل پیرا تھے۔ جن پر عاملین بالحدیث صدیوں سے عمل کرتے چلے آ رہے ہیں۔

جب یہ کتاب ہمیں پیر محمد یحییٰ چشتی بن حافظ قطبُ الدّین چشتی مرحُوم سے دستیاب ہوئی تو کچھ احباب نے اِس کی اشاعت کو بے کار کوشش کہا۔ کہ جب احادیثِ رسول اور فرمودات صحابہ اور سید عبدالقادر جیلانیؒ کے ارشادات کو درخورِ اعتنا نہیں سمجھا گیا تو یہ کتاب کوئی زیادہ اثر دکھائے گی؟ لیکن ہم نے اس جذبہ کے تحت کہ انشاء اللہ جن بزرگوں اور دوستوں کا سینہ تعصب کی گندگی سے اور ضد جیسی بدبو سے پاک ہوا۔ تو وہ اللہ ربُّ العزّت کی رضامندی کیخاطر اس کے محبُوب کی سُنتوں پر عمل پیرا ہو کر رہیں گے۔ انشاء اللہ

يُجَاهِدُونَ فِي سَبِيلِ اللهِ وَلَا يَخَافُونَ لَوْمَةَ لَائِمٍ.

وہ اللہ کی راہ میں جہاد کریں گے۔ اور طعن و ملامت کرنیوالوں سے نہیں ڈریں گے۔ إِنْ أُرِيدُ إِلَّا الْإِصْلَاحَ مَا اسْتَطَعْتُ وَمَا تَوْفِيقِي إِلَّا بِاللهِ

عبد الجبار سلفی ڈاہر ضلع اوکاڑہ

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com


بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# عبادت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم

## قبل از نبوت

اللہ تعالیٰ ہمیں راستی پر چلنے کی توفیق دے۔ روضۃ الاحباب میں ہے۔ کہ علماء کرام اس بارے میں مختلف ہیں۔ کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نبوت سے پہلے کس طریق سے اللہ تعالیٰ کی عبادت کرتے تھے۔ کچھ علماء کا کہنا ہے کہ آپ کی عبادت صرف غور و فکر کرنا تھی۔ اور بعض علماء کا قول ہے۔ کہ آپ کی عبادت صرف ذکر و اذکار پر مشتمل تھی۔ اور کچھ علماء کہتے ہیں۔ کہ آپ دل ہی دل میں یاد الٰہی کرتے تھے۔

مزید برآں اس بارے میں اختلاف ہے۔ کہ آپ اس وقت حضرت موسیٰ علیہ السلام کی شریعت پر عمل کرتے تھے۔ یا عیسیٰ علیہ السلام کے طریقہ پر، یا حضرت ابراہیم علیہ السلام کے طریق پر تھے۔ یا نوح علیہ السلام کی شریعت پر، آیا سیدنا آدم کی شریعت پر عمل پیرا تھے۔ یا تمام انبیاء کی شریعتوں پر عمل کرتے تھے۔ اس مسئلہ پر علماء نے اپنے اپنے نظریہ کے حق میں دلائل بھی دیئے۔ ہیں ان کی تفصیل (ان کی کتابوں میں) بیان ہوتی ہے۔

## نبوت کے بعد
## رسول اکرم کا طریق عبادت

ایک قول کے مطابق آپ تمام انبیاء کی شریعتوں میں سے جس طریق کو پسند کرتے اسے اپنا لیتے۔ اور ایک قول کے مطابق آپ اَنِ اتَّبِعْ مِلَّۃَ اِبْرَاھِیْمَ

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com


حَنِیفًا کے موجب سیدنا ابراہیم علیہ السلام کی شریعت کے پیرو تھے۔ لیکن صحیح بات یہی ہے کہ آپ اپنی شریعت پر عمل کرتے تھے۔ اور حضورؐ قلب سے اللہ کی عبادت کرتے تھے۔ اور ایمان کے افضل عبادت نماز ہے۔ اور نماز طہارت و پاکیزگی پر موقوف ہے۔ (اس لیے آپ کی طہارت و نماز کی مکمل تصویر درج ہے۔)

## سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا طریقہ طہارت

صحیح روایت کے مطابق منقول ہے۔ کہ آپ جب بیت الخلاء میں جاتے تو انگشتری اتار لیتے۔ اور جاتے فراغت میں پہلے بایاں رکھتے۔ اور اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَائِثِ پڑھتے۔ ترجمہ:۔ اے اللہ میں خبیث جنوں اور جننیوں سے تیرے ہاں پناہ مانگتا ہوں۔

اور جب بیت الخلاء سے باہر نکلتے تو دایاں پاؤں پہلے نکالتے۔ اور غُفْرَانَكَ پڑھتے۔ کہ اللہ میں تجھ سے بخشش مانگتا ہوں۔ اگر آپ جنگل میں ہوتے تو لوگوں کی نظروں سے اوجھل ہو جاتے اور کوئی بھی آپ کو دیکھ نہ پاتا۔ آپ دیوار یا درخت کی اوٹ لیتے اور نرم زمین تلاش کرتے۔ اگر زمین سخت ہوتی تو آپ نیزے کی انی سے زمین کرید کر نرم کرتے۔ تاکہ پیشاب کے چھینٹے (پاؤں) پر نہ پڑیں اور آپ جب تک زمین کے قریب نہ ہو لیتے کپڑا نہ اٹھاتے۔

اور آپ تین ڈھیلے استعمال کرتے اور پانی سے استنجا کرتے۔ اگر یہ چیزیں نہ ہوتیں تو تلاش کر کے انہیں لانے کا حکم دیتے۔ آپ اکثر تو ہر نماز کیلئے نیا وضو کرتے۔ لیکن کبھی کبھار ایک وضو کیساتھ کئی نمازیں ادا کرتے تھے۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



## رسول مصطفےؐ کا طریقہ وضوء

آپ وضوء سے پہلے مسواک کرتے تھے۔ اور اسکی عملاً و قولاً بڑی تاکید کرتے (اور تین مرتبہ ہاتھ دھونے کے بعد) منہ میں پانی ڈال کر کلی کرتے اور ناک میں پانی چڑھاتے اور آپ کا یہ عمل دو طریق سے مروی ہے۔

ایک یہ کہ آپ ایک ہی چلو سے کلی کیلئے نصف پانی منہ میں ڈالتے اور نصف پانی ناک میں چڑھاتے آپ کبھی یہ عمل دو مرتبہ کرتے اور کبھی تین مرتبہ! اور اسی کے متعلق صریح احادیث ہیں۔

دوم یہ کہ آپ دائیں ہاتھ سے کلی کرتے اور بائیں ہاتھ سے ناک میں پانی چڑھاتے۔ اور اسطرح فرق نہیں کرنے والی حدیث ضعیف ہے۔ اور اکثر اوقات اعضاء وضوء کو تین تین مرتبہ دھوتے۔ اور کبھی آدھے سر کا مسح کرتے۔ اور کبھی پورے سر کا اور کبھی چوتھائی سر کا مسح کرتے اور باقی دستار مبارک پر مسح کرتے اور کان کے اندر کا مسح انگشت شہادت سے اور کان کے باہر کا مسح انگوٹھے سے کرتے تھے۔ اور داڑھی و انگلیوں کا خلال کرنا بھی آپ کی سنت ہے۔ آپ انگشتری کو بھی حرکت دیتے تھے۔ اور وضوء کے شروع میں بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَشْہَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاَشْہَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰہِ۔ اَللّٰہُمَّ اجْعَلْنِیْ مِنَ التَّوَّابِیْنَ لِجْعَلْنِیْ مِنَ الْمُتَطَہِّرِیْنَ پڑھتے۔ نیز، وَاجْعَلْنِیْ مِنْ عِبَادِكَ الصَّالِحِیْنَ سُبْحٰنَكَ اللّٰہُمَّ وَبِحَمْدِكَ

---

متن کتاب میں محمد رسول اللہ درج ہے۔ ہم نے ترجمہ وہی نقل کیئے ہیں۔ لیکن صحیح مسلم میں محمداً عبدہٗ و رسولہٗ ہے۔

---

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰـهَ اِلَّآ اَنْتَ اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوْبُ اِلَيْكَ بھی پڑھتے اور کبھی آپ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیْ ذَنْبِیْ وَوَسِّعْ لِیْ فِیْ دَارِیْ وَبَارِكْ لِیْ فِیْ رِزْقِیْ بھی پڑھتے۔

ترجمہ:۔ میں گواہی دیتا ہوں۔ کہ اللہ کے علاوہ کوئی معبود نہیں۔ اور گواہی دیتا ہوں کہ محمد اللہ کا رسول ہے۔ اللہ مجھے توبہ کرنیوالوں میں سے کر دے۔ اور مجھے نیک بندوں سے بنا۔ اے اللہ تو پاک ہے۔ اپنی تعریف کیساتھ میں شہادت دیتا ہوں کہ اللہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں اور میں تیرے سامنے توبہ کرتا ہوں۔ اللہ میرے گناہ بخش دے۔ میرے گھر فراخی کر دے۔ اور میرے رزق میں برکت دے۔ اور ضعیف روایات میں آیا ہے۔ کہ ہر عضو دھوتے وقت دعا پڑھتے۔

اور اکثر اوقات وضوء کا پانی کسی سے نہ ڈلواتے، اور صحیح روایت میں ہے کہ آپ اعضاء وضوء کو دھونے کے بعد تولیہ سے خشک نہیں کرتے تھے۔ اگر صحابہ اسی مقصد کیلئے کوئی چیز دیتے تو آپ واپس لوٹا دیتے۔ آپ ایک مُد پانی سے وضوء اور ایک صاع پانی سے غسل فرمایا کرتے تھے۔ اور وضوء و غسل کیوقت پانی ضائع کرنے سے منع کرتے تھے۔

## غسل کرنیکا طریقہ

جب آپ غسل (جنابت) فرماتے تو دائیں ہاتھ سے بائیں ہاتھ پر پانی ڈال کر دونوں ہاتھوں کو دھوتے۔ اس کے بعد مکمل استنجا کر کے اپنے ہاتھ کو مٹی پر رگڑ کر دھو لیتے۔ پھر (تین تین مرتبہ) کلی کرتے اور ناک میں پانی چڑھا کر جھاڑتے۔ اور تمام جسم پر پانی بہا کر اسے دھو لیتے۔ پھر غسل والی جگہ سے الگ ہو کر پاؤں دھوتے۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



## موزوں پر مسح

رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سفر و حضر میں موزوں پر مسح کرتے تھے۔ آپ نے سفر میں مسح کرنے کی مدت تین دن و رات اور حضر میں ایک دن و رات متعین کی ہے۔ اور صحت سے مروی ہے۔ کہ آپ موزے کے اوپر مسح کرتے اور اس بارے میں تکلف نہ کرتے۔ اگر شرائط مسح پر موزہ پہنا ہوتا تو مسح کر لیتے۔ ورنہ پاؤں دھو لیتے اور محض مسح کیخاطر موزہ نہیں پہنتے تھے۔

## رسول مصطفٰے کا طریقہ تیمم

اگر پانی میسر نہ ہوتا تو آپ شرائط تیمم ادا کرتے۔ کہ دونوں ہتھیلیوں کو زمین پر مار کر منہ پر مل لیتے۔ اور دوسری مرتبہ ہتھیلیاں پر مار کر کہنیوں تک مسح کرتے۔ اور آپ نماز کی صحت کی شرطوں مثلاً استقبال قبلہ اور ستر عورت کا خاص خیال رکھتے تھے۔

## نماز کیلئے ستر

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کبھی ایک ہی کپڑے میں نماز ادا فرماتے اور اس کی ستر کی کیفیت یہ ہوتی کہ آپ دائیں طرف والے کنارے کو بائیں کندھے پر اور بائیں والے کنارے کو دائیں کندھے پر ڈال لیتے[1]

---

[1] اسی کتاب کے صفحہ ۵۷ پر ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کبھی پگڑی مبارک سامنے رکھکر نماز پڑھ لیتے اصل عبارت یوں ہے۔ وطاقیہ دوگوشی داشت کہ گاہ در سفر بر سر نہادی و گاہے چوں نماز گزاردے آں را برابر رو بی خود میگذاشت

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



نماز فرض ادا کرنے کے لئے مسجد میں تشریف لاتے۔ اور صحابہ کی امامت کراتے اور مقتدیوں کی حالت کے پیش نظر نماز میں تطویل یا تخفیف کرتے تھے۔ جب آپ مسجد میں داخل ہوتے تو پہلے دایاں پاؤں اندر رکھتے۔ اور فرماتے اَعُوْذُ بِاللّٰہِ الْعَظِیْمِ وَبِوَجْھِكَ الْکَرِیْمِ وَسُلْطَانِہِ الْقَدِیْمِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ؕ

اور ایک روایت میں ہے کہ مسجد میں داخل ہونے کیوقت یہ بھی پڑھتے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؕ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ وَارْحَمْنِیْ اَللّٰھُمَّ افْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ کہ اے اللہ مجھے بخش دے اور مجھ پہ رحم فرما۔ اے اللہ میرے لیے رحمت کے دروازے کھول دے۔

## سنت مصطفوی صلی اللہ علیہ وسلم اور افتتاح نماز

نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب نماز شروع کرتے تو دونوں ہاتھوں کو کبھی کندھوں تک اور کبھی کانوں کے برابر اٹھاتے اور دائیں ہاتھ کی انگلیاں کھول لیتے اور اللہ اکبر پڑھ کر نماز شروع کرتے تھے۔

نماز شروع کرنے سے پہلے زبان سے نماز کی نیت باندھنا رسول اکرم سے مروی نہیں ہے۔

تکبیر تحریمہ کے بعد آپ دائیں ہاتھ کو بائیں ہاتھ کے اوپر رکھ لیتے اور دعاء استفتاح پڑھتے تھے۔ دعاء استفتاح کی تمام روایات صحیح ہیں۔ مثلاً پہلی دعا جسے امام شافعی نے اختیار کیا ہے۔ وہ یہ ہے۔ اِنِّیْ وَجَّھْتُ وَجْھِیَ لِلَّذِیْ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ حَنِیْفًا وَّمَا اَنَا مِنَ الْمُشْرِکِیْنَ) کہ میں نے اپنے منہ کو اس ذات کیطرف لگایا۔ جس نے آسمان وزمین کو پیدا کیا۔ اور میں مشرکین

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



سے نہیں ہوں۔

دوسری دعا جسے امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے پسند کیا ہے۔ وہ یہ ہے سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ وَتَعَالٰى جَدُّكَ وَلَا اِلٰهَ غَيْرُكَ چھ دعائیں اور بھی ہیں۔ ان کی تفصیل حدیث کی کتابوں میں دیکھنی چاہیے۔ آپ دعائے استفتاح کے بعد اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ پڑھتے۔ اور اس کے بعد فاتحہ کی تلاوت فرماتے تھے۔ کبھی آپ بلند آواز سے بِسْمِ اللّٰهِ پڑھتے۔ اور کبھی آہستہ ۔ یہی وجہ ہے کہ اس باب میں علماء کے درمیان اختلاف ہے۔

## آمین کہنے کی کیفیت

آپ صلی اللہ علیہ وسلم سورۃ فاتحہ کی قرات کے بعد کبھی بلند آواز سے آمین کہتے اور کبھی بالسّر کہتے تھے۔ اسی وجہ سے علماء میں اس مسئلہ پر اختلاف ہے اور جہری نماز میں آپ کے مقتدی بھی آپ کی موافقت میں (آپ کی ہی طرح) آمین کہتے۔ نیز آپ صلی اللہ علیہ وسلم نماز میں دو سکتوں (خاموشی) کا خیال رکھتے تھے۔ پہلا سکتہ تکبیر تحریمہ اور قرات (سورۃ فاتحہ) کے درمیان اور دوسرا سکتہ قبل از رکوع ہوتا تھا۔

## پنجگانہ نماز میں آپ کی قرات

(رسول اکرم) نماز صبح میں قرات فاتحہ کے بعد ساٹھ یا سو آیات والی سورتیں پڑھتے تھے۔ آپ کبھی سورہ روم اور کبھی سورہ قٓ تلاوت کرتے۔ اور کبھی کبھی نماز صبح میں تخفیف کرتے۔ اور سورہ فاتحہ کے بعد سورہ زلزال پڑھتے

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com


تھے۔ اور آپ سفر میں نماز صبح میں سورہ فلق اور سورہ الناس پر اکتفا کرتے تھے۔

جمعۃ المبارک کے دن نماز فجر میں فاتحہ کے بعد سورۃ سجدہ پہلی رکعت اور سورہ دہر دوسری رکعت میں تلاوت کرتے تھے۔

اور نماز ظہر کو کبھی طویل کرتے اور کبھی پہلی رکعت میں سورہ سجدہ اور دوسری میں سورہ اعلیٰ یا سورہ بروج یا اللیل یا سورہ طارق یا ان جیسی آیات والی سورتیں تلاوت کرتے۔ نماز عصر نماز ظہر سے آدھی ہوتی یا اس سے ہلکی کرتے۔ اور نماز عصر کو کبھی ظہر سے نصف یا نصف سے بھی زیادہ ہلکی کرتے اور کبھی نماز مغرب کو ہلکا کرتے اور اس میں سورہ فلق اور والناس پڑھتے اور کبھی قصار مفصل (سورۃ بَیِّنَہ تا والناس والی سورتیں) نماز مغرب میں تلاوت کرتے اور نماز عشاء کو نماز عصر کے برابر پڑھتے اور کبھی اس میں سورۃ التّین پڑھتے اور مرفوعًا روایت ہے۔ کہ حضرت رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کو اطلاع پہنچی کہ حضرت معاذ بن جبل اپنی قوم کی امامت کراتے ہیں۔ اور نماز عشاء میں سورۃ بقرہ تلاوت کرتے ہیں۔ تو آپ بہت ناراض ہوتے اور فرمایا کہ تم میں سے بعض لوگ کوتاہیاں کرتے ہیں۔ تم میں سے جو کوئی امامت کرائے وہ ہلکی نماز پڑھائے۔ کیونکہ بعض مقتدی کمزور اور کچھ بیمار اور بعض صاحب حاجت ہوتے ہیں۔

اور ایک روایت میں آیا ہے۔ کہ آپ نے معاذ کو تین مرتبہ فرمایا۔ کہ تو فَتّان (فتنہ ڈالنے والا) ہے۔ اور ڈانٹ پلائی۔ اور انہیں سورۃ شمس اور الاعلیٰ اور واللیل پڑھنے کا حکم دیا۔

آپ تین رکعت نماز وتر ادا کرتے اور پہلی رکعت میں سورۃ الاعلیٰ اور دوسری میں سورۃ کافرون، اور تیسری میں سورۃ اخلاص اور معوذتین پڑھتے تھے۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



## نمازِ جمعہ

آپ ؐ نمازِ جمعہ کی دونوں رکعتوں میں سورۃ الجمعۃ اور سورۃ منافقون بالترتیب تلاوت کرتے اور کبھی سورۃ اعلیٰ اور سورۃ دہر پڑھتے اور آپ نمازِ عید میں سورۃ قٓ اور سورۃ قمر کی تلاوت کرتے تھے۔ اور کبھی آپ مکمل سورۃ پڑھتے اور کبھی اوائل سورۃ پر اکتفار کرتے۔ اور ہمیشہ پہلی رکعت کو دوسری رکعت سے لمبا کرتے۔ اور ترتیب، ترتیل اور تجوید سے قرآت کرتے تھے۔ اور ہر آیت پر وقف کرتے تھے۔

## سُنّتِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم اور رکوُع

رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب قرآت سے فارغ ہوتے تو تکبیر کہتے اور دونوں ہاتھ اوپر اٹھاتے (رفع الیدین) اور رکوع چلے جاتے۔ اور دونوں ہتھیلیوں سے گھٹنوں کو پکڑتے۔ اور بازوں کو پہلو سے دُور رکھتے۔ اور پیٹھ مبارک کو سیدھا کرتے اور سر مبارک کو پیٹھ کے برابر کرتے کہ سر نہ تو پیٹھ سے اونچا ہوتا اور نہ نیچا ہوتا تھا۔ اور آپ رکوع میں تین بار سُبْحَانَ رَبِّيَ الْعَظِيْمِ پڑھتے اور کبھی اس کے ساتھ سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ اللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ پڑھتے تھے۔ اور اکثر مرتبہ رکوع میں یہ کلمات پڑھتے۔ سُبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ رَبُّنَا وَرَبُّ الْمَلٰٓئِكَةِ وَالرُّوْحِ اور نماز تہجد کے رکوع میں یہ پڑھتے تھے۔ اَللّٰهُمَّ لَكَ رَكَعْتُ وَبِكَ اٰمَنْتُ وَعَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ وَلَكَ اَسْلَمْتُ خَشَعَ لَكَ سَمْعِيْ وَبَصَرِيْ وَمُخِّيْ وَعَظْمِيْ وَعَصَبِيْ (اے اللہ میں تیرے سامنے جھکا اور تجھ پر ایمان لایا اور تجھ ہی پر توکل کیا۔ اور میں تیرا فرمانبردار ہوا۔ تیرے آگے میرے کان اور میری آنکھیں اور گودے اور میری ہڈیاں اور میرے پٹھے جھک گئے۔)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



# قومہ

جب حضور رسولِ مقبول صلی اللہ علیہ وسلم رکوع سے سر اٹھاتے تو دونوں ہاتھ اوپر اٹھاتے (رفع الیدین کرتے) ہوئے سَمِعَ اللّٰہُ لِمَن حَمِدَہٗ پڑھتے اور اس رکن کو رکوع جتنا ہی لمبا کرتے تھے۔ اور جو دعائیں آپ اس رکن میں پڑھتے تھے۔ وہ کتب حدیث میں پھیلی ہوئی ہیں۔

# سجدۂ نبوی

جب آپ سجدہ کرنے لگتے تو زانو کو ہاتھ سے پہلے زمین پر رکھتے تھے۔ اور آپ کے ہاتھ پیشانی اور آنکھوں کے برابر ہاتھ رکھتے اور پگڑی کے پیچ پر سجدہ نہ کرتے تھے۔ آپ کبھی مٹی پر اور کبھی گیلی مٹی اور جائے نماز اور کبھی چمڑے پر سجدہ کرتے اور ہاتھوں کو پہلوؤں سے دور اور کندھوں کے برابر رکھتے اور انگلیوں کو رکوع میں کھولتے تھے۔ اور سجدہ میں ملاتے تھے۔ اور سجدوں میں تین مرتبہ سُبْحٰنَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی پڑھتے اور صحابہ کرام کو اس بات کا حکم دیتے۔ اور جب آپ سر مبارک سجدہ سے اٹھاتے تو دو سجدوں کے درمیان اتنی دیر بیٹھتے جتنی دیر سجدہ پر لگاتے اور رَبِّ اغْفِرْلِیْ پڑھتے اور دوسری دعائیں جو آپ سجدہ میں پڑھتے تھے۔ ان کی تفصیل کتب حدیث میں دیکھنی چاہیے۔ جب آپ دوسرے سجدہ سے سر اٹھاتے تو لمحہ بھر بیٹھتے پھر کھڑے ہوتے فقہائے کرام اسی کو جلسہ استراحت کہتے ہیں۔ اور یہ جلسہ استراحت امام شافعی کے مسلک میں مستحب ہے۔ اور امام ابوحنیفہ کے نزدیک مستحب نہیں۔ ان کے ہاں آپ کا یہ فعل آپ کے بوجھل ہونیکی وجہ سے تھا۔ چنانچہ جب آپ دوسری رکعت کے لیے کھڑے ہوتے تو فوراً قرأت شروع کر دیتے۔ اور جب

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



